اذفیہ	برگزیدہ، عزت والی	ارفیہ	کسی کی حفاظت میں آنیوالی
انیس	محبت کرنیوالی	امبر	(ہندی زبان میں) نیلا آسمان
انیسہ	غمخوار، ہمدرد	افاضہ	فیض پہنچانا
افشاں	بکھیرنا، سنہرا	اقصیٰ	کنارہ، انتہاء
امینہ	امانت دار	امیمہ	ہدایت دینے والی
ارتاخ	خوش ہونا	امامہ	رہنما، پیشوا
امانہ	وفاداری	اصبح	حسین وجمیل
آسمہ	متحیر، حیران	آسیمہ	حیران، متحیر
آشا	امید، آرزو	آصفہ	قابل وزیر، جمع کرنے والی
آفرین	مرحبا، تحسین، تعریف	آفریدہ	تخلیق کی ہوئی
آنسہ	چاہت کرنے والی	اختر	ستارہ، نصیب
ادا	ناز نخرہ،	اذکہ	دریا دل،
اذکیہ	زیرک، معاملہ فہم	ارم	جنت
اریدہ	تمنا کی گئی	ارمین	طاقتور، قوی
ارما	طاقتور، قوی	ارینا	صلح، آشتی
اشینہ	حمد، ثنا، تعریف	اطرویہ	خوشبودار، مہک والی
اطہرہ	پاکیزہ	افشین	افشاں سے آراستہ
افروزہ	روشن کیا ہوا	افروختہ	منور، تاباں
الینا	حسین، خوبصورت	انیقہ	خوش آئندہ
انیا	پاکیزہ، خالص	انورہ	روشن کرنے والی

انیتا	دل کو بھانے والی	انیسہ	الفت، پیار، محبت
انوشہ	خوش وخرم	انتظار	راہ دیکھنا
انیلا	ناواقف، نادان	انعامیہ	حنائی کلی
انمول	بہت قیمتی	انگبین	شہد
انجلا	صاف ہونا	اوج	بلندی
ایمن	نڈر، مبارک	اینا	پاکیزہ، خالص
ایمی	آرام دینے والی	ایمل	آرزو، خواہش
ایدا	مسرور، خوش وخرم		

ب پ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
بصیرت	بینائی	بصیرت النسا، بصیرت رقیہ
بشیر	خوشخبری دینے والا	بشیر النساء، بشیرہ خاتون
برکت	فضل	برکت النساء، برکت عائشہ
بدر	چودھویں کا چاند	بدرالنساء، بدر حبیبہ
بشارت	خوشخبری	بشارت النساء، بشارت جویریہ

نام	معنی	نام	معنی
بازغہ	چمکتا ہوا	بتول	کنواری، عفت مآب
بختاور	خوش قسمت	بریرہ	نیک
بارقہ	چمکنے والی	بشریٰ	خوشخبری
بلاغت	فصیح کلام	بدیعہ	انوکھی، نادر
بلیغہ	عاقلہ، مکمل	بدیعہ	عجیب، نادر

نام	معنی	نام	معنی
بازخہ	فخر کرنے والی	بے نظیر	بے مثال
بشیرہ	خوشخبری دینے والی	برجیس	ستارہ
بلقیس	خوبصورت	بسالت	شجاعت
باصرہ	دیکھنے والی	بشرہ	چہرہ
بازلہ	دریا دل	بذلہ	انعام، بخشش
بسیمہ	مسکرانے والی	بلیغہ	عاقلہ، فصیح و بلیغ
بوران	خوبصورت	بہار	پھول کھلنے کا موسم
باسمہ	مسکرانے والی	باقیہ	قائم رہنے والی
بابرہ	شیرنی	بادیہ	بڑا پیالہ، مشک
باسلہ	لڑائی میں حملہ کرنا	باسنا	مہک، خوشبو
بالیدہ	خوش، نمودار	بافندہ	بننے والی
بتولہ	کنواری	بدرہ	محترمہ بیگم
برجیسہ	مشتری	برجیہ	چھوٹے ستارے
برینا	شہزادی،	بزین	چلنے والی ہوا
بسمہ	تازگی، تبسم	بطحہ	فراخ دل
بونیتا	اچھی، پیاری	بہین	اچھی، بہترین، اعلی
بہرہ ہور	خوش نصیب	بینا	عقل مند، سمجھدار
بینش	عقلمند، دانشمند	بیدار	ہوشیار، جاگتا ہوا
پارسا	نیک	پاکدامن	پاک آنچل
پاکیزہ	پاکباز، صاف	پارینہ	قدیم، پرانا
پائیندہ	لافانی	پائندہ	ٹھہرنے والا
پذیرہ	مقبول	پروین	سات ستاروں کا جھرمٹ
پریما	پہلی اولاد	پیا	پارسا، دیندار

ت

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
توقیر	عزت	توقیر النساء، توقیر فاطمہ
تہذیب	شائستگی	تہذیب النساء، تہذیب عائشہ
تعظیم	عزت کرنا	تعظیم عائشہ، تعظیم النساء
تقی	پرہیزگار	تقی النساء
تذہیب	سونے پر پانی چڑھانا	تذہیب النساء، تذہیبہ
تصمیم	مضبوطی	تصمیم النساء، تصمیم خنساء
تنویر	روشنی	تنویر النساء، تنویر فاطمہ
توصیف	خوبی بیان کرنا	توصیف عائشہ، توصیف سلمہ

نام	معنی	نام	معنی
تسنیم	جنت کی نہر	تبسم	مسکراہٹ
تکریم	بزرگی	تہنیت	مبارکباد
تسکینہ	اطمینان والی	تمنا	آرزو
تطہیر	پاکی، تزکیہ	تعبیہ	آراستہ کرنا، سجانا
تشمیرا	چستی	تیسر	آسان، سہولت
تیما	بندی	تمیمہ	درازقد والی
تلقینہ	ہدایت کرنے والی	تسلیمہ	ماننا، آداب
تسبیحہ	اللہ کی پاکی بیان کرنیوالی	تحسین	تعریف، شاباش (تحسینہ)
تقدیس	پاکیزگی (تقدیسہ)	تارخہ	خوشحال
تمکین	عزت، مرتبہ (تمکینہ)	تابعہ	فرمانبردار

تارفہ	خوشحال	تائبہ	گناہوں سے توبہ کرنیوالی
تبشیرہ	خوشخبری دینے والی	تزمین	اچھی عادت رکھنے والی
تزکیہ	پاک کرنا	تقیہ	ڈرنا
تمدینہ	خوشحال	تطیبہ	خودکو خوشی میں بسانیوالی
تاشفین	مہربان	تاشفہ	مہربان، ہمدرد
تاثیر	نشان، اثر	تانیس	چاہت
تابیدہ	چمکیلی، روشن	تادیہ	پہنچانا، ادا کرنا
تابینہ	منور کرنے والی	تابندہ	روشن، منور
تاربہ	دوست ہونا	تانیا	پریوں کی شہزادی
تبرید	ٹھنڈا کرنا	تثمیہ	مستعدی
تثنیہ	دگنا کرنا	تشمیم	خوشبو آنا
تحریم	منع کرنا	تحریمہ	نماز کی پہلی تکبیر
تزئین	زیب وزینت دینا	تسمین	فربہ کرنا، توانا کرنا
تسکین	آسودگی، اطمینان	تضمین	شامل کرنا، ملانا
تقیہ	ڈرنا، چھپانا	تہمینہ	الزام لگانے والی
تلبیہ	حج میں لبیک کہنا	تلعین	تعلیم دینا
تلقین	ہدایت کر	تمدین	خوشحال ہونا
تمرین	دہرانا	تمیم	پکا، مضبوط
تمثیل	مثال، مطابقت	تنقیہ	پاک وصاف کرنا
تنزیلہ	بھیجی ہوئی		

ث

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
ثابت	مضبوط، برقرار	ثابت النساء، ثابت خنساء

ثروت	دولت	ثروت النساء، ثروت خانم
ثمر	پھل	ثمر النساء، ثمرینہ
ثابت	قائم' برقرار	ثابت النساء، ثابت نسرین
ثبات	مضبوط	ثبات عائشہ، ثبات فاطمہ
ثمار	بہت سے پھل	ثمار النساء، ثمار خانم

نام	مَعنی	نام	مَعنی
ثریا	ستاروں کا جھرمٹ	ثمن	قدر و قیمت
ثمینہ	قیمتی، فائدہ مند	ثمرین	پھل' میوہ
ثریا جاہ	بلند مرتبہ	ثقافت	عقلمند' نیک ہونا
ثقابت	چمکیلی، منور ہونا	ثالثہ	فیصلہ کرنے والی
ثمین	بیش بہا	ثمیرہ	فائدہ دینے والی' پھل دار
ثناء	تعریف	ثنیہ	نیک' شریف
ثوبابہ	لباس والی	ثائرہ	بدلہ لینے والی
ثوبیہ	لباس والی	ثاقبہ	چمکیلی' روشن
ثمرہ	پھل، نفع	ثاغمہ	محبت کرنا
ثقیفہ	عقلمند، چالاک عورت	ثارۃ	بہت بولنے والی
ثانیہ	سیکنڈ، لمحہ، آن واحد	ثریا	سات ستاروں کا جھرمٹ
ثروانہ	دولت مند	ثوبانہ	لباس والی خاتون،
ثائبہ	تیز ہوا	ثارہ	بہت بولنے والی

ج

نام	مَعنی	نام رکھنے کا طریقہ
جمال	خوبصورتی	جمال النساء، جمال فاطمہ

جمیل	حسین	جمیل النساءٔ جمیلہ بیگم
جلیس	ہم نشین	جلیس النساءٔ جلیسہ خاتون
جاسرہ	بہادر	جاسرہ عائشہٗ جاسرہ حبیبہٗ جاسرہ خدیجہٗ جاسرہ خنسا
جاریہ	پرستار	جاریۃ النساءٗ جاریہ عائشہٗ جاریہ فاطمہٗ جاریہ حبیبہ

نام	معنی	نام	معنی
جسیمہ	فربہ	جلالت	عالی رتبہ
جلیسہ	ہم نشین	جلادت	بہادری
جاذبہ	پرکشش	جائشہ	اعلیٰ، عمدہ
جلیلہ	معززہ	جویریہ	خوشیاں بکھیرنے والی
جُمدہ	معزز، بلند و برتر	جذبیہ	پیار، محبت
جاملہ	خوش اخلاقی	جمیلہ	حسینہ
جواں بخت	خوش نصیب	جیواء	خوبصورت گردن والی
جمانہ	موتی، گوہر	جزلہ	مسرور، پرمسرت
جازیہ	بدلہ دینے والی	جاریہ	پرستار، کنیز
جاسرہ	دلیر، شجاع، جری	جانسہ	کسی کی مانند ہونا
جازمہ	ارادہ کرنے والی	جبین	پیشانی
جمیحہ	خوش بخت	جوزی	برکت لانے والی
جینا	شہزادی، نیک بخت	جیشہ	دل
جمیرہ	بادل، زلف	جسرہ	وسیلہ
جوانہ	اللہ کا تحفہ		

ح

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
حرمت	عزت، آبرو	حرمت النساء، حرمت خدیجہ
حدیقہ	باغ	حدیقۃ النساء، حدیقہ تسنیم
حبیبہ	محبت کرنے والی	حبیب النساء، حبیبہ بانو
حور	خوبصورت	حور النساء، حور جہاں
حباب	محبت، پیار	حباب النساء، حباب بانو
حشمت	دبدبہ	حشمت النساء، حشمت آراء
حفیظ	نگہبان	حفیظ النساء، حفیظ سلمہ
حوا	دنیا کی سب سے پہلی عورت حضرت آدمؑ کی زوجہ محترمہ کا نام	

نام	معنی	نام	معنی
حفصہ	شیر کی بیٹی	حامدہ	تعریف کرنیوالی
حاویہ	ماہر، چھا جانیوالی	حافظہ	نگہبان
حسینہ	خوبصورت	حکیمہ	عقلمند
حلیمہ	بردبار	حمیرا	حسین
حنفیہ	دین کی سچی	حنا	مہندی کی پتی
حمیذہ	سمجھدار	حامزہ	خوش اخلاق
حریم	گھر کی چاردیواری	حلیفہ	حمایتی، رفیقہ
حسیمہ	ذی وقار، ذی عزت	حمیدہ	جس کی تعریف کی گئی
حور	خوبصورت	حور العین	بڑی آنکھوں والی خوبصورت
حسامہ	تلوار	حاشدہ	مستعد، چاک و چوبند

حامیہ	حمایت کرنیوالی	حائقہ	سچی، اللہ کی بندگی کرنیوالی
حاسبہ	پرکھنے والی	حافدہ	فرمانبردار
حمادہ	تعریف کرنیوالی	حمامہ	خوبصورت
حاذفہ	عقلمند ماہر عورت	حریرہ	ریشم
حسنہ	نیکی، بھلائی	حمیمہ	ساتھی، قرابت دار
حمرا	سرخ رنگت والی	حوریہ	نہایت حسین
حمینہ	شرم وحیا والی	حبابہ	محبت کرنیوالی
حسنات	بھلائیاں نیکیاں	حاکمہ	حکومت کرنے والی
حادیہ	چھا جانے والی	حاشدہ	ہمہ وقت تیار
حاذقہ	دانشمند، کامل	حمادہ	تعریف کرنے والی
حریمہ	پسندیدہ چیز جو حاصل نہ ہو	حسیبہ	حساب کرنے والی
حمیلہ	ضامن	حیانہ	عمر
حمالہ	سرخ رنگ	حیمہ	مہمان، ذی عزت

خ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
خدیجہ	(آنحضرتؐ کی پہلی بیوی کا نام)	خدیجۃ النساء
خلیفہ	ملنسار	خلیقۃ النساء
خطیبہ	وعظ کرنیوالی	خطیبۃ النساء
خیر	نیکی بھلائی	خیرالنساء
خبیرہ	خبر رکھنے والی	خبیرۃ النساء
خطیرہ	بزرگی بڑی	خطیرالنساء

نام	معنی	نام	معنی
خادمہ	خدمت گار	خالدہ	ہمیشہ رہنے والی
خطابہ	بہت تقریر کرنیوالی	خلیطہ	شریک، شامل
خلیفہ	جانشین	خلیلہ	دوست
خاشعہ	انکساری کرنیوالی	خنساء	ہرنی
خضراء	سرسبز	خولہ	منتظم ، دھیان
خشار	سجائی ہوئی	خفیفہ	چھوٹی
خوباں	حسین، خوبصورت	خورشیدہ	سورج ، منور
خندہ	خوش ، مسکراہٹ	خائلہ	فخر میں مقابلہ کرنا
خانم	امیرزادی، بیگم	خاشعہ	انکساری کرنے والی
خدیرہ	نیکی کرنے والی	خدینہ	دوست، رفیق حیات
خزینہ	دولت، خزانہ	خضراء	سرسبز
خوشنودہ	مسرور، خوش	خورشیدہ	سورج، روشنی
خیرہ	شوخ چشم، حیران		

د

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
درأیت	شعور، عقل	درأیت النساء، درأیت عائشہ، درأیت سودہ
دلاص	نرم و چمکدار	دلاص النساء، دلاص فاطمہ، دلاص مریم
دیانت	انصاف	دیانت النساء، دیانت حفصہ، دیانت حبیبہ
دلیل	رہنما	دلیل النساء، دلیل خانم
دلہاث	شیر	دلہاث النساء، دلہاث عائشہ
		دلہاث خنساء، دلہاث ہاجرہ

نام	معنی	نام	معنی
درخشاں	روشن	دردانہ	موتی کا دانہ
دلشاد	خوش خرم	دلاور	بہادر
درشہوار	بادشاہوں کے قابل بڑا موتی	داملہ	نرمی سے پیش آنا
دانیا	دریا دل	درباء	جاننے والی
درہ	بہت بڑا موتی	دمیہ	خیر و برکت
دیبا	باریک ریشم	دیانہ	مذہب' ملت
دیناء	اطاعت	داعصہ	عزت میں مقابلہ کرنا
دائمہ	ہمیشہ رہنے والی	دانست	دانش، سمجھ
درخشندہ	چمکدار، روشن	دُرثمین	گراں قدر موتی،
دسیعہ	عمدہ، بہت	دشیا	مبارک روز
دمامہ	رونق، نظارہ	دمیشا	مالدار، امیر
دختر	بیٹی	درشنا	روشن
دیماء	دائمی، ابدی، تیز بارش	درمانہ	چارہ گر
درایت	عقل	درونہ	سینہ، دل

ذ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
ذکاء	ذہانت	ذکاءالنساء
ذکی	ذہین	ذکی النساء
ذلاقت	فصاحت	ذلاقت النساء، ذلاقت مریم، ذلاقت عائشہ
ذکاوت	دانائی، ذہانت	ذکاوت النساء، ذکاوت سودہ، ذکاوت حفصہ

نام	معنی	نام	معنی
ذکیہ	تیز فہم	ذاکرہ	ذکر کرنے والی
ذیشانہ	شوکت والی	ذردہ	پہاڑ کی بلندی
ذمیرہ	حسین، بہادر	ذوقانہ	اچھی طبیعت والی
ذمارہ	دلیر، بہادر عورت	ذبامہ	رتبہ والی، عزت والی
ذبالہ	چراغ کی بتی	ذراعہ	ہاتھ
ذرحہ	آنسوؤں کا بہاؤ	ذمامہ	عزت، حرمت
ذوقیہ	پسندیدہ، مرغوب	ذکیرہ	بہت زیادہ ذکر کرنے والی
ذابرہ	علم جاننے والی	ذریرہ	خوشبو
ذابلہ	مست آنکھوں والی	ذہینہ	ہوشیار، تیز فہم
ذافرہ	علم جاننے والی	ذلیقہ	اچھا بولنے والی
ذاہرہ	عالم، فاضل	ذرینہ	خوبصورت
ذمیم	شبنم	ذمامہ	جرات

ر

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
رحمت	مہربانی	رحمت النساء
راحت	آرام	راحت النساء، راحت فاطمہ
راشد	ہدایت یافتہ	راشد النساء، راشدہ
رفعت	برتری	رفعت النساء، رفعت عائشہ
رفیع	بلند مرتبہ	رفیع النساء، رفیعہ
رحیم	مہربان	رحیم النساء، رشاقت آرا

رمشاء	خوبصورت	رمشاء النساء، رمشاء نورین
ریاض	شیر	ریاض النساء، ریاض خنساء

نام	معنی	نام	معنی
رائمہ	چاہنے والی	ربیسہ	جرأت مند
رخسارہ	گال کا بالائی حصہ	رشیدہ	ہدایت یافتہ
رافعہ	بلندی	رضوانہ	رضامندی
رقیبہ	نگہبان	رائسہ	سردارہ
رقیہ	پڑھنے والی	رفیعہ	بلند مرتبہ
رفیہ	پسندیدہ	راحمہ	مہربان
رعنا	خوشنما	راعیہ	بہت الفت کرنے والی
راسیہ	مضبوط	رافتہ	فضل، مہربانی
راحلہ	مددگار	راغد	خوبصورت، شہزادی
رحیمہ	مہربانی کرنے والی	رخیمہ	نرم آواز والی
راعنہ	خوبصورت شہزادی	روبینہ	فولاد
رشیقہ	خوش مزاج	رصیفہ	حبیبہ، ساتھی
رعیلہ	آگے رہنے والی	رہیدہ	نازک، نرم
ریحانہ	پھول کی خوشبو	روجبہ	مسرت، خوشی
روفیہ	شفقت والی	رمیلہ	سجانے والی
رجیلہ	ثابت قدم	رحیقا	اچھے قد و قامت والی
راشدہ	ہدایت یافتہ	رافقہ	نرمی کرنیوالی، اچھی طبیعت
راسبہ	تحمل والی، بردبار	راہبہ	فرمانبردار عورت
رخسانہ	صبح صادق	رواء	حیاء والی
رزینہ	مضبوط، پائیدار	رضیہ	خوش ہونے والی

رفیقہ	دوست، حبیبہ	رفیفہ	چمک والی، نرم کپڑا
رمیزہ	سمجھدار	روحانہ	خوشبوئیں
رومینہ	محبت پیار والی	روشنا	چمکنے والی
رجیہ	احترام کرنا	راختہ	فضل، کرم
رابعہ	چوتھی چیز	راتبہ	ثابت، قائم
رائحہ	مہک، خوشبو	راحیدہ	رسد پہنچانے والی
راضیہ	خوش ہونے والی	راشفہ	ساتھ چلنا
رافیہ	پناہ لینا	رجاب	عزت کرنا
راویہ	بیان کرنے والی	راصدہ	نگرانی کرنے والی
راجیہ	سائلہ، امیدوار	رائقہ	حسین، خوبصورت
رانیا	ملکہ	رافضہ	چمکنے والی
ربیعہ	بہار کی چیز	رتبہ	مرتبہ، عہدہ
رجاء	امید، بھروسہ	رحیلہ	سفر کرنے والی
رحین	کریم، مہربان	رحابہ	فراخی، کشادگی
رخشندہ	روشن، منور	رخسار	گال، عارض
رخشاں	روشن، چمکیلی	رفیعہ	اونچی، بلند و بالا
رداء	چادر	رشحہ	رس، بوند قطرہ
رشدہ	ہدایت والی	رشیبا	سچائی، راشی
رشتیا	راستی، سچائی	رصفیہ	نمونہ، مثال
رضیفہ	دوست، ساتھی	رعدہ	خوش، مسرور
رعینہ	انعام و اکرام	رغیبہ	برکت، نعمت
رفسانہ	طلوع، صبح، صبح صادق	رغیبہ	رغبت کرنے والی
رفعت	بلندی، بالائی، اونچائی	رمیہ	زیادتی، فروانی
رمیلہ	آراستہ کرنے والی	روحہ	روح، زندگی
رمیزہ	سمجھدار	رویدہ	آہستگی سے کیا ہوا

رومانہ	محبت والی	روہینہ	فولاد، لوہا
رمیلہ	مسافرہ	رومیلہ	آراستہ و پیراستہ کرنے والی
رینا	درخشاں، شہرت	روہین	فولاد، آہن، لوہا
روین	موتیا کا پھول	رویا	خواب
روزا	خوبصورت،	روزینا	گلاب کا پھول
رئیسہ	مالدار، دولت مند	ریماء	سفید ہرن
رینا	شہزادی	ریشم	حریر، سلک
ریبا	موہ لینے والی		

ز

نام	مَعنی	نام رکھنے کا طریقہ
زعیم	کفیل ضامن	زعیم النساء
زینت	آراستگی	زینت النساء
زیب	زینت	زیب النساء
زنیق	مضبوط مستحکم	زنیق النساء

نام	مَعنی	نام	مَعنی
زوہرہ	ایک ستارہ	زہرہ	کلی، شگوفہ
زاہدہ	پارسا عورت	زبیدہ	منتخب کی ہوئی
زینب	سخی، خوشبودار	زبدہ	تازہ مکھن، برگزیدہ
زرقام	سبز و نیلی آنکھوں والی	زریں	بیش قیمت
زہیدہ	صبر کرنے والی	زاہلہ	پرسکون دل والی
زلیخا	حسین و جمیل عورت	زین	سجاوٹ، خوبی

نام	معنی	نام	معنی
زیبا	موزوں، خوشنما	زہیرہ	منور، روشن، چمکیلی
زاہرہ	روشن، چمک دار	زعیمہ	سردار، امیر
زکیہ	پاکیزہ، نیک	زونا	عقلمند عورت
زوقہ	گھر کو سجانے والی	زواہر	کھلے ہوئے پھول، روشن
زارہ	ملاقات، انکساری	زاولہ	نیت کرنا
زائرہ	زیارت کرنے والی	زارا	طلوع صبح
زارینہ	ملکہ	زرقا	سبز و نیلی آنکھوں والی
زرینہ	گولڈن، سنہری	زرمینہ	رئیس عورت
زرمین	رئیس	زعفرہ	زعفران میں
زلقہ	آئینہ، شیشہ	زویا	زندگی
زورینہ	طاقت والی	زورین	زورآور
زوبیہ	اللہ تعالیٰ کا تحفہ	زورینا	صبح صادق
زورانا	فجر کا وقت	زہدہ	برگزیدہ
زینا	مہمان نواز	زیتون	درخت کا نام
زینہ	سجاوٹ کرنے والی	زینیا	ایک پھول کا نام

س

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
سعادت	خوش بخت	سعادت النساء، سعادت عائشہ
سمیحہ	بہادر، آسان	سمح النساء، سمیحہ نسرین
سلیم	تندرست	سلیم النساء، سلیمہ، سلامت، تندرستی
		سلامت النساء، سلامت جہاں
سحر	صبح، فجر	سحر النساء، سحر بانو
سرور	رہنمائی	سرور النساء، سرور بیگم

نام	معنی	نام	معنی
سائرہ	سیر کرنے والی	سالمہ	محفوظ
ساجدہ	سجدہ کرنے والی	سعدیہ	نیک
سالکہ	پابند شرع	سعادت	نیک بخت
سکینہ	آرام کی چیز	سیما	علامت، نشان
سلیقہ	شعور	سنبلہ	نیک، سعادت مند
سائمہ	سیر کرنے والی	سامیہ	بلند وبالا، عالی
سالمہ	صلح کرنا، مصالحت کرنا	سارہ	حجاب، پردہ
ساہرہ	بیدار، ہوشیار	ساخرہ	دل میں گھر کرنے والی
ساعفہ	مددگار	ساعدہ	شیر
سبیلہ	طریقہ، صاف آراستہ	سجیلہ	آراستہ کی ہوئی
سجافہ	پردہ، حجاب	سحرہ	فرمانبردار
سخیہ	سخاوت کرنے والی	سدافہ	حجاب، پردہ
سدیمہ	بہت ذکر کرنے والی	سردہ	بیری کا درخت
سریسہ	نگہبان، عقلمند	سعودہ	مبارک، خوش قسمت
سیلمہ	بردبار، سادہ دل	سلیطہ	خوش کلام، فصیحہ
سلمٰی	تسلیم، درست	سلامہ	پاکیزہ
سمینہ	پاکیزہ، گفتگو	سمیدہ	نیک، بہادر
سامہ	حسین جسم والی	سمیہ	حسن وجمال
سیادت	بزرگی	سودہ	سرداری
سیرہ	حسین وجمیل	سامیہ	بلند وبالا، عالی
سارہ	حجاب، پردہ	سدرہ	بیری کا درخت
سعیدہ	نیک، خوش قسمت	سمراء	گندمی رنگت والی

نام	معنی	نام	معنی
سمیا	بلند و بالا	سلامہ	پاکیزہ
ساحنہ	اخلاق سے پیش آنا	سارا	شہزادی
ساریہ	بادل	ساجبہ	تیز بارش
ساحرہ	جادوگر، فریفتہ	سارینا	شہزادی
سادیہ	شہزادی، بادشاہ کی بیٹی	ساشا	مددگار
سامعہ	سننے کی طاقت	ساحنہ	اخلاق سے پیش آنا
ساعقہ	مددگار	سالکہ	عبادت گزار
سبا	شہر کا نام	سبرینا	شہزادی
سبیتا	اطمینان، تسلی، فرصت	سحرش	مسحور کن، جادو بھری
سحرہ	فریفتہ ہونا	سحابہ	بادل کا ٹکڑا
سریسہ	دانشمند، عقلمند، دانا	سرور	رہنمائی، بزرگی
سروری	بزرگی، رہبری	سربعہ	فوری اثر کرنے والی
سریعہ	جلد اثر کرنے والی	سروش	خوشخبری لانے والا
سرینا	مطمئن، پرسکون	سریرہ	راز، بھید
سزیدہ	اہل، قابل	سفیرہ	ایلچی، قاصد
سلیفہ	فصیحہ، عمدہ بیان	سلطانہ	حکمران عورت
سلومی	آرام و سکون والی	سمامہ	خوبصورت جسم والی
سمیرہ	داستان سنانے والی	سمارا	دوراندیش
سمونا	بارگاہ میں مقبول	سمیتا	موتیوں کا ہار، مالا
سانیہ	بلند و بالا، روشن	سنیلہ	نیک خصلت، سعادت مند
سنجیدہ	خاموش طبع، متین	سونیا	سمجھدار، عقلمند
سویرا	صبح کا وقت	سہامہ	تیز بردا
سہیرہ	خوبصورت، حسین	سیدہ	سردار

ش

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
شمس	آفتاب	شمس النساء
شرف	بلندی	شرف النساء
شریف	عالی خاندان	شریف النساء
شفقت	محبت، مہربانی	شفقت النساء

نام	معنی	نام	معنی
شکیلہ	خوبصورت	شفیقہ	مہربان
شہلا	عالی خاندان	شاعرہ	شعر گو
شاکرہ	شکر گزار	شاہدہ	گواہ، حسین وجمیل
شارفہ	شرف والی	شائزہ	عجیب وغریب، انوکھی
شارقہ	روشن، منور	شائقہ	باوقار
شبیعہ	عقلمند، دانا	شبالہ	شیرنیاں
شجیعہ	دلیر، بہادر	شریقہ	خوبصورت
شریفہ	نیک لڑکی	شرمیلہ	حیادار
شفیفہ	بہت محبت کرنے والی	شکیبہ	بردبار
شمرہ	دریادل، سخی	شمیرہ	تجربہ کار، محنتی
شہلہ	گہری نیلی آنکھوں والی	شیما	طبیعت، عادت
شازیہ	نادر، عجیب	شائستہ	مہذب، باسلیقہ
شاذیہ	انوکھی	شادیہ	سرور، مسرت
شافیہ	شفا دینے والی	شاہانہ	بادشاہوں کے لائق

شائفہ	وفا کرنے والی	شافعہ	شفاعت کرنے والی
شبنم	رات کو پڑنے والی نمی	شبانہ	بکریاں چرانے والی
شریکہ	حصہ دار، شامل	شصیفہ	پیار کرنے والی
شگفتہ	کلی، ان کھلا پھول	شمیمہ	مہک، خوشبو
شامہ	بھینی خوشبو	شمائلہ	شکل، چہرہ
شمرانہ	بردبار، سنجیدہ	شمیلہ	عادت، طبیعت
شمشاد	خوبصورت درخت	شمیم	مہک، خوشبو
شمع	چراغ	شنیدہ	سنا ہوا
شہیرہ	نامور، مشہور	شہناز	دلہن
شہلا	گہری نیلی آنکھوں والی	شہزادی	بادشاہ کی بیٹی
شیلہ	شیرنی	شیبا	فریفتہ،
شیریں	مٹھاس، میٹھی	شینا	خلیق، ملنسار
شیدہ	چمکدار	شیوا	خوش کلام
شیرانہ	شہد جیسی میٹھی	شیفتہ	فریفتہ عاشق

ص

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
صبیح	خوبصورت	صبیح النساء، صبیحہ
صداقت	سچائی	صداقت النساء
صرامت	بہادری، بزرگی	صرامت النساء
صائبہ	مستقیم، سیدھی	صائب النساء

نام	معنی	نام	معنی
صدیقہ	نہایت سچی	صدیقہ	مخلص دوست
صادقہ	منصف، سچی	صالحہ	نیک عورت
صاحبہ	سہیلی	صائمہ	روزہ رکھنے والی
صولت	رعب	صباحت	خوبصورتی
صفیہ	پاک دامن	صدف	سیپی، سیپ
صابرہ	صبر کرنے والی	صفورہ	برگزیدہ، متقی
صبیحہ	خوبصورت	صباحیہ	حسن، جمال
صریمہ	عزم، ارادہ	صمیدہ	قناعت کرنیوالی
صمیمہ	سچی، مخلص	صفدری	صفوں کو پھاڑنے والی
صغریٰ	چھوٹی، کمسن	صبیہ	بیٹی، صاحبزادی
صراحہ	تفصیل سچائی	صعیدہ	مٹی، خاک
صنوبر	سرو کا درخت	صنیعہ	شرافت، بھلائی
صوفیہ	متقی عورت	صیمہ	بہادر
صارمہ	جرات مند عورت	صاقبہ	نزدیک کرنا، قریب کرنا
صاعدہ	اونچائی پر چڑھنے والی	صبیرہ	قناعت کرنے والی، صابرہ
صباح	خوبصورت	صباحہ	حسین و جمیل
صبا	موسم بہار کی ہوا	صغیرہ	کم عمر
صنیعہ	نیکی، شرافت	صوفیہ	پرہیزگار عورت
صوفیا	دانائی، دانشمندی		

ض

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
ضمیر	خیال	ضمیر النساء
ضیاء	روشنی	ضیاء النساء
ضمین	کفیل	ضمین النساء
ضبط	انتظام	ضبط النساء
ضرغامہ	شیرنی	ضرغام النساء
ضبور	ببر شیر	ضبور النساء

نام	معنی	نام	معنی
ضاحکہ	ہنسنے والی	ضریبہ	خصلت، عادت
ضحاکہ	بہت ہنسنے والی	ضامرہ	پوشیدہ، چھپی ہوئی
ضافرہ	مدد کرنے والی	ضمرہ	پتلی کمر والی
ضوفشاں	روشن، چمکدار	ضادہ	فتح پانا
ضابطہ	انتظام کرنے والی	ضتیفہ	مہمان داری کرنا
ضامنہ	ضمانت دینے والی	ضمیرہ	دل میں گزرنے والی بات

ط

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
طاہر	پاک، صاف	طاہر النساء
طہور	پاک	طہور النساء، طہور زینب

طبیب	حکیم	طبیب النساء
طیب	پاک، لذیذ	طیب النساء
طعب	خوشبو، مزہ	طعب النساء
طلیق	ہنس مکھ	طلیق النساء، طلیق عائشہ

نام	مَعْنی	نام	مَعْنی
طالعہ	نصیب والی	طاہرہ	پاک
طریفہ	عمدہ	طبیبہ	حکیم
طریرہ	خوبصورت عورت	طیبہ	پاک، لذیذہ
طوبیٰ	پاکیزہ تر، سعادت	طالبہ	علم حاصل کرنے والی
طابنہ	سمجھدار	طرازیہ	آرائش کرنے والی
طرفہ	خوبصورت، عمدہ چیز	طلعت	نظارہ، دیدار
طلیقہ	خوش مزاج	طہیرہ	پاکیزہ، پاک صاف
طلیعہ	بلند ہونا، نکلنا	طائلہ	دولت مند، فائدہ
طبنہ	ہوشیاری	طروبہ	خوش وخرم
طلالہ	خوبصورتی، خوشی	طابعہ	فرمانبردار عورت
طائرہ	اڑنے والی	طالیہ	اللہ تعالیٰ کا تحفہ

ظ

نام	مَعْنی	نام رکھنے کا طریقہ
ظفر	کامیابی	ظفر النساء
ظہیر	حمایتی	ظہیر النساء
ظریف	خوش طبع	ظریف النساء
ظرافت	خوش طبع	ظرافت النساء

نام	معنی	نام	معنی
ظہیرہ	حمایتی	ظعیفہ	پردہ نشین عورت
ظریفہ	خوش طبع	ظہورا	رونق
ظرافہ	بڑی خوش طبع	ظہرہ	دوست، رفیق
ظافرہ	کامیاب	ظفارہ	ایک خوشبو
ظفیرہ	ہر جگہ کامیاب		

ع

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
عطافت	مہربانی	عطافت النساء
عنایت	احسان، توجہ	عنایت النساء
عتیق	بزرگ	عتیق النساء
عظمت	بڑائی، قدر	عظمت النساء
عمر	زندگی	عمر النساء، عمرانہ
عقیل	سمجھ دار	عقیل النساء، عقیلہ
عصمت	پاکیزگی	عصمت النساء، عصمت فاطمہ
عصود	نازک جسم والی	عصود النساء

نام	معنی	نام	معنی
عنبر	ایک خوشبو	عنبرین	عنبر کی طرح خوشبودار
عنبرینہ	ایک زیور کا نام	عمارہ	دستار، سورج
عمیمہ	سب پر حاوی، تمام	عفیرہ	معاف کرنے والی

نام	معنی	نام	معنی
عظمیٰ	برگزیدہ	عظمت	بزرگی
عمیدہ	برگزیدہ، معزز	عمارہ	عبادت گزار
عویسہ	حبیبہ، مددگار	عمیرہ	لبریز، معمور
عفیفہ	پارسا	عطیہ	انعام، بخشش
عابدہ	عبادت کرنے والی	عظیمہ	بزرگ، عظیم خاتون
عادلہ	منصف، منصفہ	عالیہ	بلند و بالا
عزیزہ	پیاری قرابت دار	عقیلہ	سمجھدار عورت
عصمت	پارسائی	عارفہ	اللہ تعالیٰ کو پہچاننے والی
عفرین	ہوشیار	عاطفہ	شفقت کرنے والی
عاصمہ	منع کرنیوالی	عاطرہ	خوشبودار
عصرہ	تیز خوشبو	عافیہ	خیر و عافیت پوچھنے والی
عاقلہ	سمجھدار	عاشرہ	مل جل کے رہنے والی
عبیرہ	خوشبو، مہک	عتیقہ	برگزیدہ
عذرا	دوشیزہ	عتیلہ	خدمت گار
عدیلہ	انصاف کرنے والی	عدوس	بہادر عورت
عزرہ	طاقت، قوت	عرفانہ	شعور، علم والی
عروج	اونچائی، بلندی	عطیفہ	مہربان
عائشہ	آرام پانے والی	عنایت	احسان، کرم
علیمہ	علم رکھنے والی	عریفہ	سردار، رہنما
عاتکہ	نیک، پارسا	عامرہ	آباد کرنے والی
عاصرہ	لبریز، معمور	عائنہ	چیک کرنا، نظر کرنا
عابرہ	غور و فکر کرنے والی	عاتقہ	کشادہ، فراخ
عبرہ	غور و فکر، نصیحت، توجہ	عبیلہ	صحت مند
عدیمہ	نادر، نایاب	عذرا	دوشیزہ
عذرہ	دوشیزگی	عریفہ	پہچاننے والی

نام	معنی	نام	معنی
عربیہ	عرب کی عورت	عصفہ	پاکباز
عروسہ	دلہن	عریسہ	دلہن
عروتہ	پہچان کرنے والی	عزیہ	لگاؤ،لگن،صابرا
عصفہ	ایک پھول	عطفہ	دوستی،رفاقت
عفانہ	درگزر کرنے والی	عویسہ	رفیقہ،معاون
عمیمہ	سب پر حاوی	عمرانہ	آبادی،معاشرت
عودہ	نہایت،مفید	عیزہ	خاص،مہک
عینہ	چشم دید	عینا	خوبصورت آنکھوں والی
عیمہ	عمدہ حال،اچھا حال		

غ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
غیرت	شرم، عار	غیرت النساء
غیور	غیرت دار	غیورالنساء،غیور عائشہ
غفیر	چھپانے والا	غفیرالنساء
غیض	کلی،شگوفہ	غیض النساء
غرام	محبت، پیار	غرام النساء،غرام سائرہ
غلیم	خوبصورت	غلیم النساء

نام	معنی	نام	معنی
غانیہ	باعصمت	غربیلہ	ناز،نخرہ
غاویہ	صبح کی بارش	غشمیرہ	سخی، فیاض
غمامہ	بادل، ابر	غالیہ	مشک وکافور کی مرکب خوشبو

نام	معنی	نام	معنی
غازیہ	کافروں سے لڑنے والی	غافرہ	معاف کرنے والی
غاضفہ	خوشحال زندگی گزارنے والی	غفوراں	معاف کرنے والی
غاشیہ	پردہ، پردہ پوش	غزالہ	محبوب، ہرنی
غطارہ	خوشحالی، آسودگی	غیدا	خوبصورت عورت
غافنہ	نازک دل	غالبہ	فتح کرنے والی

ف

نام	مَعنی	نام رکھنے کا طریقہ
فخر	ناز	فخر النساء
فرحت	خوش خرم	فرحت النساء
فضل	بخشش، بزرگی	فضل النساء
فصاحت	خوش کلامی	فصاحت النساء
فراست	سمجھدار	فراست النساء

نام	مَعنی	نام	مَعنی
فارعہ	خوش مزاج	فاضلہ	بزرگ عورت
فاطمہ	جہنم کی آگ سے بچانے والی	فوزیہ	کامیاب
فصیحہ	خوش گفتار	فاخرہ	فخر کرنے والی، معزز
فرحانہ	مسرور، خوشی	فوقیہ	سبقت لے جانیوالی
فاکہہ	میوہ، خوش مزاج	فائزہ	جیتنے والی
فارہ	سمجھدار	فائقہ	بلند وبالا
فارقہ	امتیاز کرنے والی	فتیہ	سخی، بہادر، عورت
فاریہ	خوبصورت لڑکی	فرازیہ	اونچائی بلندی

فریحہ	خوش وخرم	فرحینہ	خوش وخرم عورت
فخیلہ	اچھے خاندان والی	فلزہ	محبوب، جگر کا ٹکڑا
فہمیدہ	عقلمند، دانا	فردوس	جنت
فاطنہ	عقل مند	فاکرہ	غور وفکر کرنے والی
فارہہ	خوبصورت لڑکی	فائضہ	فیض دینے والی
فتین	ہوشیار، زیرک	فریبا	فریفتہ
فرخندہ	مبارک، نیک	فریدہ	لاثانی
فرحین	پرمسرت	فرزانہ	سمجھدار، عقلمند

ق

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
قرۃ	ٹھنڈک	قرۃ النساء، قرۃ العین
قمر	چاند	قمر النساء
قطب	ولی	قطب النساء
قبول	ماننا	قبول النساء
قسامت	خوبصورتی	قسامت النساء
قعید	ساتھی، دوست	قعید النساء

نام	معنی	نام	معنی
قرینہ	سلیقہ	قیصر	شہنشاہ
قابلہ	لائق عورت	قسیمہ	مشک کا نافہ، خوبرو
قرۃ العین	آنکھوں کی ٹھنڈک	قمراء	چاندنی، روشنی
قاسرہ	قناعت کرنے والی	قاثمہ	عنایت کرنے والی

قانتہ	فرمانبردار، خاموش	قدومہ	سخی، دلیر
قدوسیہ	پاکیزہ، متبرک	قدامہ	سردار، برگزیدہ
قریحہ	عمدہ، بہتر	قطبیہ	برگزیدہ عورت
قاصفیہ	فیصلہ کرنے والی	قویمہ	خوش قامت، پائیدار
قمرین	چاندوسورج	قتیلہ	شہید
قدیمہ	اونچی، بلند، رئیسہ	قاریہ	خوش الحانی سے قرآن پڑھنے والی
قاضیہ	فیصلہ کرنے والا	قاسمہ	تقسیم کرنے والی
قدوہ	رہنما، پیشوا، امیر	قدسیہ	پاکیزہ، پاک
قرینہ	انداز	قنیہ	شگوفہ، غنچہ
قوسیہ	کمان رکھنے والی		

ک گ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
کنیز	خادمہ	کنیز عائشہ، کنیز فاطمہ، کنیز حفصہ، کنیز زینب
کبیر	بزرگ	کبیر النساء
کریم	سخی	کریم النساء
کاملہ	ماہرہ، کامل	کاملۃ النساء
کاظمہ	غصہ ضبط کرنے والی	کاظمۃ النساء
کسول	نازونعمت سے پلنے والی	کسول النساء
کومل	نرم ونازک	کومل النساء
کمال	قابلیت	کمال النساء

نام	معنی	نام	معنی
کوثر	بہشت کی ایک نہر	کرامت	انوکھی چیز
کاملہ	مکمل، کامل	کشور	ولایت، اقلیم
کرن	شعاع	کلثوم	بھرے رخسار، ابھرے گال
کابرہ	عظیم، برگزیدہ	کافیہ	قناعت کرنے والی
کامنہ	چھپنے والی	کریمہ	سخی عورت
کانسہ	ہر وقت پناہ گاہ میں رہنے والی	کبیرہ	بزرگ عورت
کبریٰ	عظیم، بزرگ	کانبہ	خوشحال، آسودہ
کاشفہ	ظاہر کرنے والی	کنیز	نوکرانی، کنواری
کسفیہ	پردہ کرنے والی	کفیلہ	کفالت کرنے والی
کلیمہ	کلام کرنے والی	گلفام	گل رنگ
گلفدا	گلاب جیسی	گلناز	پھول پہ ناز کرنے والی
گلفشاں	پھول بکھیرنے والی	گلنار	انار کی ایک قسم

ل

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
لطف	عمدگی	لطف النساء
لئیق	قابل، لائق	لئیق النساء
لبیب	عقلمند	لبیب حفصہ، لبیب سلمہ
لیاقت	قابلیت	لیاقت عائشہ، لیاقت سودہ
لطیف	نازک، باریک بین	لطیف النساء

لعوب	نازونخرہ والی	لعوب النساء
لیث	شیر، خوش بیاں	لیث النساء، لیث خنساء
لبیق	دانا، عقلمند	لبیق النساء

نام	مَعْنی	نام	مَعْنی
لبیبہ	سمجھدار عورت	لطیفہ	دلچسپ بات، نازک
لبنیٰ	دودھ جیسے رنگ والی	لطافت	نرم، خوبی
لقاعہ	حاضر جواب	لامعہ	چمکنے والی، منور
لامیہ	زلفوں والی	لاثمہ	محبت کرنے والی
لزیرہ	پارسا عورت، عقلمند	لیلا	سیاہ، سانولی
لائقہ	قابل عورت	لطفانہ	نیکی اور بھلائی کرنیوالی
لبوہ	شیرنی	لبیقہ	دانا عورت
لفیقہ	لپٹی ہوئی، دوست	لفاظہ	خوش بیاں
لفیفہ	لپٹی ہوئی	لزیرہ	عقلمند، پرہیزگار
لئیقہ	قابل، لائق	لینا	ہمت، حوصلہ
لیقہ	عقلمند، دانا		

م

نام	مَعْنی	نام رکھنے کا طریقہ
مرغوب	پسندیدہ	مرغوب النساء
مشکور	ممنون	مشکور النساء
معراج	بلندی	معراج النساء.
مطلوب	مانگا ہوا، محبوب	مطلوب النساء

منیر	روشن	منیر النساء
مصباح	چراغ	مصباح النساء
مقبول	پسندیدہ	مقبول النساء
متاع	اثاثہ	متاع النساء

نام	مَعنی	نام	مَعنی
مجیدہ	بزرگ، بڑی	محمودہ	تعریف کی گئی
محصنہ	پرہیزگار	مدیحہ	تعریف کرنے والی
میمونہ	مبارک	مومنہ	ایمان لانے والی
مقصودہ	مطلوبہ، غرض	مریحہ	بہت خوش
مفطالہ	احسان کرتے والی	مسلمہ	دین اسلام کی پیروی کرنیوالی
مسرت	خوشی	مجاہدہ	اللہ کی راہ میں جہاد کرنیوالی
مسعودہ	نیک عورت	متصفہ	ثادلہ
مریم	پاکیزہ	مشرف	شرف یافتہ
مدبرہ	عقل مند	منزہ	نقائص سے پاک
منیبہ	حق کی طرف پھیرنے والی	مدحت	تعریف
معزہ	باوقار	ماصفہ	نیک، شریف
مادخہ	معززہ، محترمہ	مازیہ	بلند مرتبہ، مختار
مائلہ	محبت کرنا	ماجدہ	قابل احترام
ماریہ	سفید رنگ کی عورت	مبشرہ	خوشخبری دینے والی
محسنہ	احسان کرنے والی	منیرہ	روشن، چمکدار
ماثرہ	اچھے کام کرنے والی	مازحہ	خوش طبعی کرنا
مامونہ	حفاظت میں	مائزہ	قابل تعریف
مبصرہ	پرکھنے والی	مجیبہ	قبول کرنے والی

نام	معنی	نام	معنی
مجازیہ	جزادینے والی	مخدومہ	مالکہ، آقا
محمودہ	تعریف کی گئی	مریحہ	بہت خوش
مرافقہ	ساتھ دینے والی	مرضیہ	پسند کی ہوئی
مرغوبہ	پسندیدہ	مرشدہ	سیدھی راہ دکھانے والی
مسرور	پرمسرت، خوشی	مستورہ	پوشیدہ، چھپی ہوئی
مشیرہ	مشورہ دینے والی	مصدقہ	تصدیق کی ہوئی
مطہرہ	پاکیزہ، منزہ	مطربہ	خوش کرنے والی
مطلوبہ	مانگی ہوئی	معصومہ	بے گناہ،
معروفہ	شہرت رکھنے والی	مغیرہ	جلدی کرنے والی
مفیدہ	منافع بخش	مفاخرہ	فخر کرنے والی
مقدسہ	پاکیزہ، پاک، منزہ	مقدرہ	مقرر کی ہوئی
ملکہ	قابلیت، لیاقت	ملیحہ	حسین وجمیل
ممیّزہ	ممتاز	منصورہ	فتح ونصرت دی ہوئی
منشہاء	ارادہ، مراد	منیفہ	عظیم، برگزیدہ
منیفہ	برتر، بزرگ	موصوفہ	تعریف کی ہوئی
مینا	زریں نقش ونگار	میرا	شہزادی

ن

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
نعیم	بہشت	نعیم النساء
نفیس	عمدگی	نفیس النساء
نجم	ستارہ	نجم النساء
نجیب	بھلامانس	نجیب النساء

نصیحہ	نصیحت کرنیوالی	نصیحۃ النساء، نصیحۃ عائشہ	
نزاہت	پاکیزگی	نزہت النساء	
نسیم	خوش گوار ہوا	نسیم النساء	
نور	روشنی، چمک	نورالنساء	

نام	مَعْنی	نام	مَعْنی
نمیرہ	پاک دامن عورت	نویرہ	پھولوں کی کلی
نورین	قابل تعظیم	نوشین	میٹھی، شیریں
نسرین	دو تارے	ناخلہ	نصیحت کرنیوالی
نازش	ناز، فخر	ناجلہ	شریف النفس عورت
نافعہ	نفع حاصل کرنیوالی	نافلہ	عبادت گذار عورت
نجیبہ	نیک، شریف	نسیمہ	ٹھنڈی ہوا
نظیفہ	پاک، پاکیزہ	نعیمہ	انعام، بہشت
نغمہ	اچھی آواز	نقیہ	خالص، پاکیزہ
نویرہ	پھولوں کی کلی	نہیہ	عقل، دانش
نہیلا	خوش وخرم، پرمسرت	نفیسہ	عمدہ، پسندیدہ
ناجیہ	نجات پانیوالی	نادرہ	انوکھی بیش قیمت
ناعمہ	آسودہ حال	ناشکہ	دین دار عورت
نزہت	خوشحالی	نصیبہ	حصہ، قسمت
نابغہ	نہایت سمجھدار	نغمہ	اچھی آواز
نقیبہ	خبر کرنے والی	نگہت	خوشبو
نازیہ	ناز کرنے والی	ناشیہ	نوجوان عورت
نادیہ	پکارنے والی	نبیرہ	عقلمند عورت
نبیلہ	خوبصورت، سمجھدار	نجمہ	ستارہ

ندا	پکار، آواز	نشیدہ	راحت
ناسکہ	عابدہ، زاہدہ	نازلہ	ناز کرنے والی
ناہید	زہرہ ستارہ	ناجیہ	نجات پانے والی
نابغہ	نہایت سمجھدار	نازاں	ناز کرنے والی
نازین	دل آویز، نازک	ناصحہ	نصیحت کرنے والی
ناصفہ	خادمہ	ناظمہ	بندوبست کرنے والی
ناظرہ	نظر کرنے والی	ناہیہ	منع کرنے والی
ناقدہ	پرکھنے والی	نائمہ	سونے والی
نادینہ	امید، آس	نازنین	دل آویز
ناصرہ	معاون، مددگار	ناجدہ	مدد دینے والی
نبید	خوشخبری، نوید	نبیدہ	خوشخبری، بشارت
نبالہ	سمجھ، شعور	نزاہت	پاکیزگی
نجیرہ	دلیر، بہادر	نجیدہ	بہادر، جرات مند
نجیہ	ہمراز عورت	ندیمہ	ساتھ بیٹھنے والی
ندرت	نرالا پن	ندما	ہم نشین
ندوہ	مجلس	نزھہ	خوشحالی، آسودگی
نرگس	آنکھ کی مانند پھول	نزہت	آسودگی، خوشحالی
نشاط	لطف، شادمانی	نشاء	دنیا، عالم
نشا	اطمینان	نشاطیہ	جس سے لطف حاصل ہو
نشابہ	تیر چلانے والی	نصرت	حمایت
نصیرہ	معاون، مددگار	نظیرہ	مشابہ، مثل
نعامہ	مسرت، خوشی	نوشا	پرمسرت
نعمانہ	نعمت والی	نگینہ	ایک قیمتی پتھر
نوشابہ	آب حیات	نورین	سمندر کی شہزادی
نوشی	نوشین کا مخفف	نویدہ	خوشخبری دی ہوئی

نہاء	نوخیز، شرارتی	نیلما	نیلی، نیلم جیسی
نیرہ	روشنی دینے والی	نیسا	پاکیزہ، پارسا

و

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
وجاہت	عزت، خوبصورتی	وجاہت النساء، وجاہت کلثوم
وقر	عزت	وقر النساء، وقر عائشہ، وقر حفصہ
وسیم	خوبصورت	وسیم النساء
وقار	بردبار	وقار النساء
وسامت	خوبصورتی، خوبی	وسامت النساء، وسامت رقیہ
وفاقت	صلح، موافقت	وفاقت النساء

نام	معنی	نام	معنی
واصفہ	تعریف کرنیوالی	واعظہ	نصیحت کرنیوالی
وحیدہ	یگانہ	ولیدہ	لونڈی، کمسن بچی
ولایت	ولی ہونا	وثیقہ	عہد و پیمان
واسفہ	شریف، عمدہ	ودیدہ	رفاقت، محبت
ورقہ	پھول کی پتی	وصیفہ	خدمت گار
وسامہ	خوبصورتی	واثقہ	مستحکم، مضبوط
وافیہ	مکمل حق ادا کرنیوالی	وردہ	گلاب کا پھول
وصیلہ	ہروقت ساتھ رہنے والی	وقیعہ	اہمیت رکھنے والی
وہیبہ	عطا کی ہوئی	ورقا	خاکی رنگت والی
واجدہ	وجود پانے والی	وافدہ	پیامبر، قاصدہ

واسفہ	شریف، نیک	واہبہ	بخشنے والی
وارثہ	حق دار	وجیہہ	خوبصورت عورت
ودیعہ	امانت	ورزانہ	مشق کرنے والی
ورقانہ	شفاعت کرنے والی	ورفانہ	سفارش کرنے والی
وسیمہ	حسین، سوہنی	وصیہ	سربراہ
وکیلہ	نائب، کارساز		

ہ

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
ہدایت	رہبری	ہدایت النساء
ہمت	بہادری	ہمت النساء، ہمت عائشہ، ہمت خنساء
ہادیہ	راستہ دکھانیوالی	ہادیۃ النساء
ہزت	خوشی، عیش	ہزت النساء

نام	معنی	نام	معنی
ہما	ایک مبارک پرندہ	ہمدرد	غم خوار
ہادیہ	نیک راستہ دکھانیوالی	ہاجرہ	ہجرت کرنیوالی
ہانیہ	پرمسرت	ہینہ	بردبار، وقار
ہیفا	پتلی کمروالی	ہائمہ	محبت میں متوالی
ہائلہ	زبردست، ڈرانے والی	ہندہ	زلف محبوب کے رخسار کا تل
ہنا	عنایت، بخشش	ہبیہ	پسندیدہ
ہزیرہ	سمجھدار	ہزینہ	خزینہ، ہمیشہ
ہارونہ	قاصدہ، پیامبر	ہائدہ	توبہ کرنے والی
ہمیم	ہلکی بارش	ہنی	خوشگوار

ی

نام	معنی	نام رکھنے کا طریقہ
یوسف	حسین وجمیل	یوسف النساء
یاوری	سہارا	یاورالنساء
یزت	خوشی،سروری	یزت النساء
یضیم	نازک جسم والی	یضیم النساء
یاسم	چنبیلی کا پھول	یاسم النساء
یقین	اعتماد،ایمان	یقین النساء

نام	معنی	نام	معنی
یمن	سعادت	یسارت	دولت مندی
یسیرہ	آسان	یاسمین	چنبیلی کا پھول
یاسمون	چنبیلی کا پھول	یاسمہ	چنبیلی کا پھول
یسریٰ	خوشحال	یوسحا	خوبصورت
یمنہ	برکت،سعادت	یاسرہ	رئیس عورت
یشعرہ	فہم وفراست والی	یافرہ دین	مقصد دین ومذہب
یاسرہ	رئیس عورت،امیر	یوسما	حسین،خوبصورت
یاسمین	چنبیلی کا پھول	یافتہ	پائی ہوئی
یسرانہ	خوشحالی،آسانی	یعسوبہ	رہبر،راہنما عورت
یعشیرہ	سمجھدار،دوشیزہ	یعقوبہ	پیچھے آنے والی
یگانہ	تنہا،اکیلا	یگونہ	یکساں،برابر،ایک سا
یمینہ	سیدھی جانب چلنے والی		

بچوں کے متعلق چند آداب کا بیان

یہ امر بہت ہی خیال رکھنے کے قابل ہے کہ بچپن میں جو عادت بھلی یا بری پختہ ہو جاتی ہے وہ عمر بھر نہیں جاتی اس لئے بچپن سے جوان ہونے تک ان باتوں کا ترتیب وار ذکر کیا جاتا ہے۔

۱۔ نیک بخت دین دار عورت کا دودھ پلاویں۔ دودھ کا بڑا اثر ہوتا ہے۔

۲۔ عورتوں کی عادت ہے کہ بچوں کو کہیں سپاہی سے ڈراتی ہیں، کہیں اور ڈراؤنی چیزوں سے سو یہ بری عادت ہے، اس سے بچے کا دل کمزور ہو جاتا ہے۔

۳۔ بچے کو دودھ پلانے کے لئے اور کھانا کھلانے کے لئے وقت مقرر رکھو کہ وہ تندرست رہے۔

۴۔ اس کو صاف ستھرا رکھو کہ اس سے تندرستی رہتی ہے۔ مگر اس کا بہت بناؤ سنگار مت کرو۔

۵۔ اگر لڑکا ہو اس کے سر پر بال مت بڑھاؤ۔

۶۔ اگر لڑکی ہو اس کو جب تک پردہ میں بیٹھنے کے لائق نہ ہو جائے زیور مت پہناؤ۔ اس سے ایک تو ان کی جان کو خطرہ ہے، دوسرے بچپن ہی سے زیور کا شوق دل میں ہونا اچھا نہیں۔

۷۔ بچوں کے ہاتھ سے غریبوں کو کھانا، کپڑا، پیسہ اور ایسی چیزیں دلوایا کرو، اس طرح کھانے پینے کی چیزیں ان کے بھائی بہنوں کو یا اور بچوں کو تقسیم کرایا کرو تاکہ ان کو سخاوت کی عادت ہو۔ مگر یہ یاد رکھو کہ تم اپنی چیزیں ان کے ہاتھ سے دلوایا کرو۔ خود جو چیز شرع کی رو سے ان ہی کی ہو اس کا دلوانا کسی طرح درست نہیں۔

۸۔ اگر لڑکا ہو سفید کپڑے کی رغبت اس کے دل میں پیدا کرو اور رنگین تکلف کے لباس سے اس کو نفرت دلاؤ کہ ایسے کپڑے لڑکیاں پہنتی ہیں۔ تم ماشاءاللہ مرد ہو، ہمیشہ اس کے سامنے ایسی باتیں کیا کرو۔

۹۔ اگر لڑکی ہو جب بھی زیادہ مانگ چوٹی بہت تکلف کے کپڑوں کی اس کو عادت مت ڈالو۔

۱۰۔ اس کی سب ضدیں پوری مت کرو کہ اس سے مزاج بگڑ جاتا ہے۔

۱۱۔ چلا کر بولنے سے روکو۔ خاص کر اگر لڑکی ہو تو چلانے پر خوب ڈانٹو ورنہ بڑی ہو کر وہی

عادت ہو جاوے گی۔

۱۲۔ جن بچوں کی عادتیں خراب ہیں یا پڑھنے لکھنے سے بھاگتے ہیں یا تکلف کے کھانے، کپڑے کی عادی ہیں ان کے پاس بیٹھنے سے ان کے ساتھ کھیلنے سے ان کو بچاؤ۔

۱۳۔ ان باتوں سے ان کو نفرت دلاتی رہو۔ غصہ، جھوٹ بولنا، کسی کو دیکھ کر جلنا یا حرص کرنا، چوری کرنا، چغلی کھانا ، خواہ مخواہ اس کو بنانا، بے فائدہ بہت باتیں کرنا، بے بات ہنسنا، دھوکہ دینا، بھلی بری بات کا نہ سوچنا وغیرہ۔ اور جب ان باتوں میں سے کوئی بات ہو جائے تو فوراً اس کو روکو اس پر تنبیہ کرو۔

۱۴۔ اگر کوئی چیز توڑ پھوڑ دے یا کسی کو مار بیٹھے مناسب تنبیہ کرو یا سزا دو تا کہ پھر ایسا نہ کرے۔ ایسی باتوں میں پیار بچے کی عادت کو خراب کر دیتا ہے۔

۱۵۔ صبح سویرے مت سونے دو بلکہ سویرے جاگنے کی عادت ڈالو۔

۱۶۔ جب سات برس کی عمر ہو جاوے تو نماز کی عادت ڈالو اور جب دس سال کو پہنچے تو اسے ترک نماز پر مارو۔

۱۷۔ جب مکتب میں جانے کے قابل ہو جائے تو اول قرآن مجید پڑھواؤ اور جہاں تک ہو سکے دیندار استاذ سے پڑھواؤ۔

۱۸۔ مکتب میں جانے میں کبھی رعایت نہ کرو۔

۱۹۔ کسی کسی وقت ان کو نیک (یا مجاہدین) لوگوں کی حکایتیں سنایا کرو۔

۲۰۔ ان کو ایسی کتابیں مت دیکھنے دو جن میں عاشقی، معشوقی کی باتیں یا شرع کے خلاف مضمون یا اور بیہودہ قصے یا غزلیں وغیرہ ہوں۔

۲۱۔ ایسی کتابیں پڑھواؤ جن میں دین کی باتیں اور دنیا کی ضروری کاروائی آجاوے۔

۲۲۔ مکتب سے آجانے کے بعد کسی قدر دل بہلانے کے لئے اس کو کھیلنے کی اجازت دو تا کہ اس کی طبیعت کند نہ ہو جاوے۔ لیکن کھیل ایسا ہو جس میں کوئی گناہ نہ ہو اور چوٹ لگنے کا اندیشہ نہ ہو۔

۲۳۔ آتش بازی، باجہ اور فضول چیزیں لینے کے لئے پیسے مت دو۔ اسی طرح کے کھیل

دکھلانے کی عادت بھی مت ڈالو۔

۲۴۔ اولاد کو ضرور کوئی ایسا ہنر سکھادو جس سے بقدر ضرورت بھی چار پیسے حاصل کر کے اپنا اور اپنے بچوں کا گذارہ کر سکے۔

۲۶۔ لڑکیوں کو اتنا لکھنا پڑھنا سکھادو کہ ضروری خط اور گھر کا حساب کتاب لکھ سکیں۔

۲۷۔ لڑکیوں کو تاکید کرو کہ جو زیور تمہارے بدن پر ہے رات کو سونے سے پہلے اور صبح کو جب اٹھو دیکھ بھال لیا کرو۔

۲۸۔ لڑکیوں سے کہو کہ جو کام کھانے پکانے سینے پرونے کپڑے رنگنے چیز بننے کا گھر میں ہوا کرے اس میں غور کر کے دیکھا کرو کہ کیسے رہا ہے۔

۲۹۔ جب بچے سے کوئی بات خوبی کی ظاہر ہو اس پر خوب شاباش دو، پیار کرو بلکہ اس کو کچھ انعام دو تا کہ اس کا دل بڑھے اور جب اس کی کوئی بری بات دیکھو اول تنہائی میں اس کو سمجھاؤ کہ دیکھو بری بات ہے دیکھنے والے دل میں کیا کہتے ہونگے اور جس جس کو خبر ہوگی وہ دل میں کیا کہے گا۔ خبردار پھر ایسے مت کرنا نیک بخت لڑکے ایسا نہیں کرتے اور پھر وہی کام کرلے تو مناسب سزا دو۔

۳۰۔ ماں کو چاہئے کہ بچہ کو باپ سے ڈراتی رہے۔

۳۱۔ کوئی کام محنت کا اس کے ذمہ مقرر کردو جس سے صحت اور ہمت رہے، سستی نہ آنے پائے۔

۳۲۔ چلنے میں تاکید کرو کہ بہت جلدی نہ چلے اور نگاہ اوپر اٹھا کر نہ چلے۔

۳۳۔ اس کو عاجزی اختیار کرنے کی عادت ڈالو زبان سے چال سے برتاؤ سے شیخی نہ بگھارنے پاوے یہاں تک کہ اپنے ہم عمر بچوں میں بیٹھ کر اپنے کپڑے یا مکان یا خاندان یا کتاب و قلم و دوات تختی تک کی تعریف نہ کرنے پاوے۔

۳۴۔ کبھی کبھی اس کو تھوڑے بہت پیسے دیا کرو کہ اپنی مرضی کے موافق خرچ کیا کرے مگر اس کو یہ عادت ڈالو کہ کوئی چیز تم سے چھپا کر نہ خریدے۔

۳۵۔ اس کو کھانے کا طریقہ اور محفل میں اٹھنے بیٹھنے کا طریقہ سکھلاؤ۔ (بہشتی زیور حصہ چہارم)

۳۶۔ کسی بچہ یا شاگرد کو سزا دینا ہو تو موٹی لکڑی یا لات گھونسہ سے مت مارو۔ اللہ بچائے

نازک جگہ چوٹ لگ جائے تو لینے کے دینے پڑ جاویں اور چہرے اور سر پر بھی مت مارو اور تین ڈنڈوں سے زیادہ بھی مت مارو۔

۳۷۔ پڑھنے والے بچوں کو کوئی چیز دماغ کی طاقت کی ہمیشہ کھانے کے لئے دیا کرو۔ (بہشتی زیور حصہ دہم)

۳۸۔ بچوں کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے۔ بعض ماں باپ اپنی اولاد کے درمیان تفرقہ ڈالتے ہیں گوکہ ان کا دل یہ نہیں چاہتا، مگر ان کے عمل اور برتاؤ کی وجہ سے ایسا خود بخود ہو جاتا ہے وہ اس طرح کہ یہ بعض بچہ کو بعض پر ترجیح دیتے ہیں جس کی بناء پر ان کے آپس میں ایک دوسرے سے حسد پیدا ہو کر نفرت کو جنم دیتا ہے اس طرح وہ ایک دوسرے کے دشمن بن جاتے ہیں۔ لہٰذا ماں باپ کے لئے ضروری ہے کہ اولاد کے مابین برابری کا سلوک کریں حتیٰ کہ بوسہ لینے اور پیار کرنے میں بھی ان اصول کی پابندی لازمی ہے۔ اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ وہ لڑکے کو لڑکی پر صرف جنس کے اختلاف کے سبب سے ترجیح نہ دیں۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ جس کی لڑکی ہو اور وہ اس کو زندہ باقی رہنے دے اور اس کی بے توقیری نہ کرے اور نہ اس پر لڑکے کو ترجیح دے تو خدا اس کو جنت میں داخل فرمائے گا۔ (ابوداؤد ص ۳۴۴۔ ج ۲، کتاب الادب)

۳۹۔ باہم لڑکوں میں بھی چھوٹے اور بڑے کے حقوق کا امتیاز شریعت محمدیؐ میں قائم نہیں کہ ہر ایک کو ان میں سے اپنے باپ کے ساتھ برابری کی نسبت ہے۔ یہاں تک کہ اگر لڑکوں میں سے کسی ایک کو بلا وجہ کوئی ایسا عطیہ دیا جائے جو دوسرے کو نہ ملا ہو تو آنحضرت ﷺ نے ایسے طرز عمل کو ناپسند فرمایا ہے۔ ایک دفعہ کا قصہ ہے کہ ایک صحابی نے اپنے لڑکوں میں سے کسی ایک کو ایک غلام ہبہ کیا اور چاہا کہ اس پر آنحضرت ﷺ کی شہادت ہو، انہوں نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر اپنی خواہش ظاہر کی، دریافت کیا کہ کیا تم نے اپنے سب بچوں کو ایک ایک غلام دیا ہے؟ عرض کیا کہ نہیں، فرمایا تو میں ایسے ظالمانہ عطیہ پر گواہ نہ بنوں گا۔ (ابوداؤد ص ۱۴۴، ج ۱، باب فی الرجل، بفضل بعض ولدہ فی النحل۔ کتاب البیوع)

(۴۰) اس سے اس قانون کی جو اسرائیلیوں، رومیوں، ہندوؤں اور دوسری پرانی قوموں میں رائج تھا اور اب بھی ہے کہ صرف بڑا لڑکا جائداد کا مالک بنے، یا اس کا کوئی ترجیحی حق ہو، صلاح کر دی گئی اور باپ کی نظر میں اس کے تمام لڑکوں کو برابر کا منصب حاصل ہوا اور چھوٹوں پر ظلم کا جو مسلسل قانونی طریقہ جاری تھا اس کا خاتمہ ہوا۔ (سیرت النبی ﷺ جلد ششم)

بچوں سے متعلق چند احتیاطی تدابیر

۱۔ چھوٹے بچوں کو کنویں پر مت چڑھنے دو، بلکہ اگر گھر میں کنواں ہو تو اس پر تختہ لگا کر ہر وقت قفل لگائے رکھو اور ان کو لوٹا دیکر پانی لانے کے واسطے کبھی مت بھیجو شاید وہاں جا کر خود ہی کنویں سے ڈول کھینچنے لگیں۔

۲۔ ہر دو روز بچے کا ہاتھ، منہ، گلا، کان چڈھے (یعنی جنگاسے) وغیرہ گیلے کپڑے سے خوب صاف کر دیا کریں، میل جمنے سے گوشت گل کر زخم پڑ جاتے ہیں۔

۳۔ پیشاب یا پاخانہ کرے فوراً پانی سے طہارت کر دیا کریں خالی چیتھڑے سے پوچھنے پر بس نہ کیا کریں، اس سے بچے کے بدن میں خارش اور سوزش ہو جاتی ہے۔ اگر موسم سرد ہو تو پانی نیم گرم کرلیں۔

۴۔ لڑکوں کو تعلیم کریں کہ سب کے سامنے خاص کر لڑکیوں یا عورتوں کے سامنے ڈھیلے سے استنجا نہ سکھایا کریں۔

۵۔ بچے کو الگ سلایا کریں، پاس سلانے میں یہ ڈر ہے کہ شاید سوتے میں کہیں کروٹ تلے دب جاوے۔

۶۔ جھولے کی عادت بچے کو نہ ڈالیں، کیونکہ جھولا ہر جگہ نہیں ملتا اور بہت گود میں بھی نہ رکھیں اس سے بچہ کمزور ہو جاتا ہے۔

۷۔ چھوٹے بچے کو عادت ڈالیں کہ سب کے پاس آجایا کریں ایک آدمی کے پاس زیادہ مانوس ہو جانے سے اگر وہ آدمی مر جائے یا کہیں اور چلا جائے تو غمزدہ ہو جاتا ہے۔

۸۔ جب بچہ کچھ سمجھدار ہو جائے تو اس کو ہاتھ سے کھانے کی عادت ڈالیں اور کھانے سے پہلے

ہاتھ دھلوایا کریں اور داہنے ہاتھ سے کھانا سکھلا دیں اور اس کو کم کھانے کی عادت ڈالیں تاکہ بیماری اور حرص سے بچا رہے۔ بچوں کو ماں باپ بلکہ دادا کا بھی نام یاد کرا دیں۔

۹۔ آوارہ قسم کے بچوں کے ساتھ نہ کھیلنے دیں۔ زیادہ بچوں میں بھی نہ کھیلنے دیں، گلیوں، سڑکوں میں نہ کھیلنے دیں۔ بازار وغیرہ میں اس کو نہ لئے پھریں۔

۱۰۔ بچے کو عادت ڈالیں کے بجز اپنے بزرگوں کے اور کسی سے کوئی چیز نہ مانگے اور نہ بغیر اجازت کے کسی کی دی ہوئی چیز لے۔

۱۱۔ بچے کو بہت لاڈ پیار نہ کریں ورنہ ابتر ہو جائے گا۔

۱۲۔ بچے کو منجن، مسواک کی عادت ڈالیں۔

۱۳۔ پڑھنے میں بھی بچے پر بہت سخت محنت نہ ڈالیں، شروع میں ایک گھنٹہ پڑھنے کا مقرر کریں، پھر دو گھنٹے، پھر تین گھنٹے۔ اسی طرح اس کی طاقت اور سہارے کے موافق محنت لیتے رہیں۔

۱۴۔ سوائے معمولی چھٹیوں کے بدون سخت ضرورت بیماری کے بار بار چھٹی نہ دلوائیں کہ اس سے طبیعت اچاٹ ہو جاتی ہے۔

۱۵۔ جہاں تک میسر ہو جو علم جو فن سکھلا دیں ایسے آدمی سے سکھلا دیں جو اس میں پورا عالم اور کامل ماہر ہو۔ بعض آدمی سستا معلم رکھ کر اس سے تعلیم دلواتے ہیں شروع ہی سے طریقہ بگڑ جاتا ہے پھر درستگی مشکل ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ بچوں کو خصوصاً لڑکی کو کھانا پکانا اور سینا ضرور سکھائیں۔

۱۸۔ شادی میں دولہا دلہن کی عمر میں زیادہ فرق ہونا بہت سی خرابیوں کا باعث ہے۔

۱۹۔ لڑکیوں کی شادی میں زیادہ یہ بات دیکھو کہ داماد کے مزاج میں خدا کا خوف اور دینداری ہو ایسا شخص اپنی اہلیہ کو ہمیشہ آرام سے رکھتا ہے۔ اگر مال و دولت بہت کچھ ہوا اور دین نہ ہوا تو وہ شخص اپنی بیوی کے حقوق کو حق ہی نہ پہچانے گا اور اس کے ساتھ وفاداری نہ کرے گا۔ بلکہ روپیہ پیسہ بھی نہ دے گا۔ اگر دیا بھی تو اس سے احسان جتلائے گا۔

۲۱۔ اپنے دو لڑکوں یا دو لڑکیوں کی شادی جہاں تک ہو سکے ایک دم مت کرو کیوں بہوؤں

ضرور فرق ہوگا، داماددوں میں ضرور فرق ہوگا۔ خود لڑکوں اور لڑکیوں کی صورت شکل میں کپڑے کی سجاوٹ میں، نورصبور میں، حیاوشرم میں ضرور فرق ہوگا اور بھی بہت باتوں میں فرق ہوجاتا ہے اور لوگوں کی عادت ہے ذکر مذکور کرنے کی اور ایک گھٹانے اور دوسرے کو بڑھانے کی۔ اس سے ناحق دوسرے کا جی برا ہوتا ہے۔ (بہشتی زیور حصہ دہم)

بچوں کا ختنہ کرانا اسلامی شعار اور فریضہ ہے

(۱) بچوں کا ختنہ کرانا اسلامی شعار اور فریضہ ہے۔ مستحب یہ ہے کہ لڑکے کا ختنہ ساتویں روز کرایا جائے، اگر مجبوری کی وجہ سے ایسا نہ کرسکے تو سات سال کی عمر کے اندر اندر کروالینا چاہیئے۔ بعض علماء کرام کا کہنا ہے کہ زیادہ سے زیادہ بارہ برس کی عمر سے پہلے پہلے کرالینا چاہیئے ورنہ گناہ ہوگا۔

(۲) آج کل رسم ختان بڑی دھوم دھام سے ادا کی جاتی ہے، اس میں ایک تو روپیہ کافی ضائع ہوتا ہے دوسرے مذہبی احکام کی خلاف ورزی۔ بعض مسلمان لڑکیوں کے ناک اور کان چھید کر اس میں زیور ڈالتے ہیں اور اسے بھی ایک اہم تقریب قرار دیتے ہیں اور اس پر بھی کافی روپیہ صرف کرتے ہیں۔ یہ تمام طریقے اور رسوم غیر اسلامی ہیں۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو اپنی فطرت و جبلت کے اعتبار سے مسلمان پیدا کیا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے **فطرت اللّٰہ التی فطر الناس علیھا لا تبدیل لخلق اللّٰہ ذلک الدین القیم ولکن اکثر الناس لایعلمون** (سب) اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کرو جس (قابلیت) پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام لوگوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہئے بس سیدھا (راستہ) دین (کا) یہی ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (ترجمۃ حکیم الامت حضرت تھانویؒ)

یعنی کوئی بچہ پیدا ہوتے وقت اپنے ساتھ تو گناہ لے کر نہیں آتا۔ ہر بچہ فطرت پر ہی پیدا ہوتا ہے۔ البتہ اس کے ماں باپ بچپن ہی سے اسے جس راستہ اور جس طریقہ سے آشنا کر

کراتے ہیں اس کو اپنے لئے وہ راہ حیات تصور کر کے اس پر گامزن ہو جاتا ہے۔ اگر اس کو مذہب اسلام اور سیدھے راستہ پر لگادیں تو وہ بلا تردد چلنا شروع کر دیتا ہے اور اگر بدقسمتی سے وہ کفر و شرک کے یا یہودیت، نصرانیت اور مجوسیت کے ماحول میں پرورش کریں گے تو اس پر غیر اسلامی اثرات پڑنے لگ جائیں تو وہ اپنی فطری صلاحیتیں کھو کر انہی کے رنگ میں ڈوب جاتا ہے۔

انہی وجوہات کی بناء پر اسلام یہ چاہتا ہے کہ مسلمان بچوں کو پیدائش کے دن سے ہی مذہبی فضا میں رکھا جائے تاکہ فطرت سلیم پر باقی رہے اور کسی غیر فطری افکار و نظریات کا شکار ہو کر راہ راست سے نہ ہٹ جائے۔ اس وقت مسلمان ماں باپ پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ اپنی نوخیز اولاد کے روبرو بات چیت میں اور چھوٹے بڑے کام میں اسلامی طرز زندگی کا مظاہرہ کرتے رہیں تاکہ اپنی اولاد پر بھی اس کا اچھا اثر پڑے۔ اس طرح لڑکے اور لڑکیاں عہد طفلی سے لے کر سن بلوغ تک کا یہ دور ختم کر کے جب بالغ ہو جاتے ہیں تو اس کے بعد خود اچھے اور برے کاموں کے ذمہ دار بن جاتے ہیں۔

والدین کے لئے ایک اہم ہدایت

(۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کو اللہ تعالیٰ اولاد دے تو چاہئے کہ اس کا نام اچھا رکھے اور اس کو اچھی تربیت دے۔ پھر جب وہ سن بلوغ کو پہنچے تو اس کے نکاح کا بندوبست کرے اگر شادی کی عمر کو پہنچ جانے پر بھی (اپنی غفلت اور بے پروائی سے) اس کی شادی کا بندوبست نہ کیا اور وہ اس کی وجہ سے حرام میں مبتلا ہو گیا تو اس کا باپ (بھی) اس گناہ کا ذمہ دار ہوگا۔ (معارف الحدیث بحوالہ بیہقی فی شعب الایمان)

افسوس ہے کہ ہمارے معاشرے میں اس بارے میں بڑی کوتاہی ہو رہی ہے جس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم دوسروں کے رسم و رواج کی تقلید میں نکاح و شادی کو بے حد بوجھل بنالیا ہے۔ اگر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی پیروی کریں تو یہ کام اتنا ہلکا پھلکا ہو جائے جتنا ایک مسلمان کے لئے جمعہ کی نماز کا ادا کرنا اور پھر نکاح و شادی میں وہ برکتیں حاصل ہوں جن سے ہم بالکل محروم ہیں۔ (اقتباسات معارف الحدیث)

(۵) حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ جب مر جاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے مگر تین چیزیں (کہ جن کا ثواب برابر ملتا رہتا ہے) (i) صدقہ جاریہ، (ii) وہ علم جس سے نفع اٹھایا جاتا رہے، (iii) اولاد نیک وصالح جو اس کے لئے دعا گو رہے۔ (مسلم)

(۶) حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے صاحبزادے) ابراہیم رضی اللہ عنہ کو لیا اور انہیں بوسہ دیا اور ناک لگائی۔ (بخاری کتاب الادب)

(۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپؐ فرما رہے تھے کہ یہ دونوں حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما دنیا میں میرے دو پھول ہیں۔ (بخاری)

(۸) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندے یا بندی پر اللہ کی طرف سے بیٹیوں کی ذمہ داری ڈالی گئی اور اس نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا (اور ذمہ داری کو پوار کیا) تو یہ بیٹیاں ان کے لئے جہنم سے بچاؤ کا سامان بن جائیں گی۔ (بخاری و مسلم)

(۹) حضرت ابو قتادہؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور امامہ بنت ابی العاصؓ (جو بچی تھی) آپؐ کے شانہ مبارک پر تھیں پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی جب آپ رکوع کرتے تو انہیں آہستہ سے اتار دیتے اور جب کھڑے ہوتے تو پھر اٹھا لیتے۔ (بخاری کتاب الادب)

حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد تھے جن کی شادی آپؐ کی بڑی صاحبزادی حضرت زینبؓ سے ہوئی، انہیں کی بیٹی کا نام امامہ تھا۔ امامہ سے آپؐ بہت محبت فرماتے تھے اور امامہ آپؐ کی نواسی بھی آپؐ سے بہت مانوس تھی۔ (مظاہر حق)

ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہدیہ میں ایک زریں ہار آیا، تمام ازواج مطہرات اس وقت جمع تھیں اور امامہؓ گھر کے ایک گوشہ میں مٹی سے کھیل رہی تھیں۔

آپؐ نے فرمایا یہ ہار میں اپنے محبوب ترین اہل کو دوں گا سب کو گمان تھا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کو عطا فرمائیں گے۔ لیکن آپؐ نے امامہؓ کو بلایا اور اول ان کی آنکھوں کو، اپنے

دست مبارک سے پونچھا پھر وہ ہار انکے گلے میں ڈالا۔ (سیرۃ المصطفی بحوالہ ابن سعد، مسند احمد سند حسن عن عائشہ)

بہترین والدین

(۱۰) بہترین والدین وہی ہیں جو اپنی اولاد کو علم دین سے آشنا کرائیں اور ان کی صحیح تربیت کو بھی نظر انداز نہ کریں۔ حدیث میں ہے کہ کسی باپ نے اپنی اولاد کو کوئی عطیہ اور تحفہ حسن ادب اور اچھی سیرت سے بہتر نہیں دیا۔ (ترمذی)

بہترین اولاد

(۱۱) بہترین اولاد وہ ہے جو اپنے بوڑھے ماں باپ کی خدمت کرے اور ان کے وفات پا جانے کے بعد ان کے حق میں دعا مغفرت کرتی رہے اور والدین کے دستوں سے حسن سلوک کرتی رہے۔

(۱۲) جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے رشتہ دار اور والدین خوشی مناتے ہیں اور وہ خود رونے لگتا ہے۔ لیکن جب یہی بچہ عمر طبعی کو پہنچ کر مر جائے تو اس کی حالت یہ ہو کہ وہ ہنستا ہوا اپنے رب ذوالجلال کے پاس جائے اور اس کے رشتہ دار اور دیگر ایک عالم اس کی جدائی میں روتا ہوا رہ جائے۔

ایسے عظیم الشان مستقبل کے لئے والد کو چاہئے کہ رزق حلال سے اولاد کی پرورش کرے، غلط ماحول، ٹی وی اور گانے وغیرہ سے دور رکھے، دینی تربیت اور نیک لوگ اولیاء کرام کی صحبت دے، والدہ کو چاہئے کہ حتی الوسع بچوں کو پاک وصاف اور باوضو ہو کر دودھ یا کھانا وغیرہ دے۔ نیز والدین کو چاہئے کہ ساتھ ساتھ اولاد کی صلاح وفلاح کے لئے اللہ تعالٰی کے حضور رو رو کر دعائیں بھی کریں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوٰجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ جْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

وآخر داعوانا ان الحمد للّٰہ رب الغلمین۔